ICI

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، ایکزونوبل گروپ کی ایک کمپنی

# ہمقدم

آئی سی آئی پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر۲ شمارہ نمبر۶ جولائی۔ستمبر۲۰۱۲

AkzoNobel
Tomorrow's Answers Today



میرا صفحہ

# اداریہ

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس میں آپ کو اپنی دلچسپی کی خبریں اور دیگر چیزیں ملیں گئیں۔

یہ رسالہ صرف اور صرف آپ کے لیے ہے اور آپ کا اپنا ہے۔ اس کو مزید کیسے بہتر کیا جائے یہ آپ کی شراکت کے بغیر ممکن نہیں ہے۔

رسالے کی انتظامیہ نے سوچا ہے کہ سوڈا ایش پولیسٹر اور کیمیکلز پلانٹ کے مختلف شعبوں میں ہمقدم کے نمائندے مقرر کیے جائیں جو اپنے متعلقہ ایچ آر کے تعاون سے اپنے شعبے کی خبریں اور مضامین ہمقدم کے لیے ارسال کریں۔ آپ کی بھیجی ہوئی خبر، مضمون یا اور کوئی بھی چیز آپ کے نام اور تصویر کے ساتھ چھاپی جائیں گی۔ سال بھر کے دوران سب سے اچھی اور زیادہ خبریں/مضامین بھیجے والے نمائندے کو ہمقدم کی جانب سے بہترین نمائندے کا ایوارڈ دیا جائے گا۔

تو آیئے پھر دیر کس بات کی ہے آج ہی سے اپنی خبریں اور مضامین بھیجنا شروع کریں اور اپنا نام ہمقدم کے نمائندے کی حیثیت سے شامل کروائیں۔

خبریں اور مضامین لکھنے کی رہنمائی کے لیے آپ اپنا نام اور ہمقدم رپورٹر لکھ کر 0300-8238751 پر ایس ایم ایس کریں۔

ایڈیٹر ہمقدم خود آپ سے رابطہ کر کے آپ کی رہنمائی کریں گے۔




# درخشاں ستارے

## محمد صغیر بٹ (20358)۔



آئی سی آئی سوڈا ایش کھیوڑہ میں محمد صغیر بٹ نے اپنی ذاتی کوششوں سے سال 12-2011 کے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔ مجموعی طور پر 170 ایمپلائز کے گوشوارے Electronically مقررہ تاریخ سے پہلے جمع کروانا صغیر بٹ کی محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

صغیر بٹ عرصہ آٹھ سال سے ایمپلائز کے ایجوکیشنل اسکالرشپ، میرج اور ڈیتھ گرانٹ کیسنر ورکر ویلفیئر بورڈ کی مختلف اسکیموں کے تحت ایمپلائز تک پہنچا رہے ہیں۔ تقریباً تمام ہی ایمپلائز صغیر بٹ کی انتھک کاوشوں کی بدولت اپنے بچوں کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے میں کامیاب ہورہے ہیں۔

صغیر بٹ ادارے اور ورکرز کی ترقی کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتے ہیں۔ جہاں اپنے ملازمتی فرائض تندہی کے ساتھ ادا کر رہے ہیں وہیں ایمپلائز کے لیے مختلف نوعیت کی خدمات بھی سرانجام دے رہے ہیں۔

آئی سی آئی سوڈا ایش کے ایمپلائز صغیر بٹ کی ان خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے اور دل سے سراہتے ہیں۔

محمد صغیر بٹ جیسے ایمپلائی کسی بھی ادارے کے لیے ایک قیمتی سرمائے کی حیثیت رکھتے ہیں اور درخشاں ستارے کہلاتے ہیں۔

## سید ارشد علی شاہ مردانی



سید ارشد علی شاہ مردان کے گاؤں گجرات میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گجرات سے اور مزید تعلیم مردان کالج سے حاصل کی۔ اس کے بعد محکمہ مال سوات میں پٹواری تعینات ہوگئے۔ ان کی والدہ کو یہ نوکری ناپسند تھی، جس کی بنا پر انہوں نے یہ نوکری چھوڑ دی اور لائنز پاک جلاٹین لاہور میں ملازم ہوگئے، جہاں انہوں نے بطور سینئر پلانٹ آپریٹر پانچ سال گزارے۔

ان کے بقول 7 ستمبر 1994 کا یادگار دن، ان کی زندگی میں ایک مثبت تبدیلی لایا، جب انہوں نے آئی سی آئی سوڈا ایش میں سالٹ ڈیزالوبیسن پر پلانٹ آپریٹر گریڈ III کی حیثیت سے جائن کیا اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ویمنٹ و سالٹ کوالٹی، برائن پلانٹ کے علاوہ ڈی اے پلانٹ پر یومیہ ریکارڈ پروڈکشن کا انعام حاصل کیا۔ اسی طرح کولنگ واٹر سسٹم آپریٹر جاب کے دوران گریڈ I تک ترقی پائی اور اب چلر پلانٹ پر اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔

انہوں نے اپنی سروس کے ساتھ ساتھ سماجی کاموں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ جن میں سرفہرست جامع مسجد انتظامیہ کمیٹی، کوآپریٹو سٹور کمیٹی، اسٹیٹ کمیٹی میں اپنی خدمات دیں۔ واٹر کنزرویشن ٹیم کے ہمراہ کئی سنگ میل عبور کیے، خصوصاً 240 million litre پانی بچانے کا ٹارگٹ حاصل کیا، جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ ان کا پیغام ہے کہ ہم سب لوگ پانی بچا کر آنے والی نسلوں کی بقا کے لیے کام کریں۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں چار بیٹے اور ایک بیٹی سے نوازا ہے، جو کہ مختلف اسکولوں میں زیرِ تعلیم ہیں۔ وہ آئی سی آئی کی ملازمت میں خوشحال اور پُرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ ان کی خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کمپنی کو دن دگنی اور رات چوگنی ترقی دے۔ آمین

میرا صفحہ

# کامیابی کا سفر۔ آئی سی آئی پولیسٹر کے سنگ


محمد امین گوندل

میں نے آئی سی آئی پولیسٹر کو 1981 میں بطور مل رائٹ جوائن کیا۔ بعد میں مجھے چارج ہینڈ کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ میں تقریباً 16 سال آئی سی آئی پولیسٹر ایمپلائز یونین کا صدر رہا۔ اس کے علاوہ 6 سال آئی سی آئی ایمپلائز فیڈریشن آف پاکستان کا بھی صدر رہا۔ اس دوران کئی یونین مینجمنٹ ایگریمنٹ بھی کیے۔ آئی سی آئی پولیسٹر ایمپلائز نے مجھے بہت عزت دی۔ میں آئی سی آئی پولیسٹر میں عرصہ 31 سال سے کام کر رہا ہوں۔ تیس سال سروس مکمل ہونے پر کمپنی کی طرف سے دونوں میاں بیوی عمرہ کی سعادت حاصل کر چکے ہیں۔



میرے 4 بیٹے ہیں۔ بڑے بیٹے فرخ امین گوندل نے ایم ایس سی کمپیوٹر سائنس کیا ہے۔ اور وہ ایک کمپنی میں بطور پروگرامنگ منیجر کام کر رہا ہے۔ دوسرے بیٹے عدیل امین گوندل نے CA کیا ہے۔ اور وہ ایک کمپنی میں بطور فنانس منیجر کام کر رہا ہے۔ تیسرا بیٹا محسن امین گوندل ایم بی بی ایس ڈاکٹر ہے اور وہ اتفاق ہسپتال لاہور میں بطور میڈیکل آفیسر کام کر رہا ہے۔ اس نے M.R.C.P اور UK کا پلیب ون بھی پاس کیا ہوا ہے۔ اور میڈیسن میں سپیشلائزیشن کا خواہشمند ہے۔ چوتھا بیٹا عمیر امین گوندل الیکٹرونکس میں ڈپلومہ کر رہا ہے۔ بڑے دونوں بیٹے شادی شدہ ہیں۔ اور خوشگوار زندگی بسر کر رہے ہیں۔ میں اللہ تعالیٰ کا لاکھ بار شکر ادا کرتا ہوں جس نے مجھے اتنی نعمتوں سے نوازا ہے۔ میں اپنی زندگی اور سروس سے پوری طرح مطمئن ہوں۔

آئی سی آئی پولیسٹر جوائن کرنا میری زندگی کا بہت اچھا فیصلہ ثابت ہوا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بزنس کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ (آمین)



# ذرا سوچیئے !

شہروز خان
ڈرائیور، ہیڈ آفس

- زندگی میں ہمیشہ تین چیزوں کی قدر کریں
  - بھروسہ اور اعتماد
  - وعدے کی پاسداری
  - باہمی تعلقات اور رشتے

جب یہ ٹوٹتے ہیں تو ان سے کوئی آواز پیدا نہیں ہوتی لیکن ان کے نہ ہونے کی وجہ سے زندگی کا مقصد فوت ہو جاتا ہے اور وہ خالی خالی لگنے لگتی ہے۔

- انسان اپنے اوصاف سے ہی عظیم ہوتا ہے نہ کہ اعلیٰ عہدہ حاصل کرنے سے، کیونکہ محل کے سب سے اونچے مینار پر بیٹھنے سے کوّا عقاب نہیں بن جاتا۔

- اگر آپ نے اپنی اولین ترجیح لوگوں کی مدد متعین کی ہے تو یقین جانیئے کہ اللہ آپ کو کبھی بھی بے یار و مددگار نہیں چھوڑے گا اپنے اردگرد لوگوں کا خیال رکھیں اللہ آپ کا خیال رکھے گا۔

- جسم ایک دکان ہے اور زبان اس کا تالا جب تالا کھلتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ دکان ''سونے'' کی ہے یا ''کوئلے'' کی۔

- انسان سب سے زیادہ پریشان اپنی زبان کی بدولت اٹھاتا ہے، یہی وجہ ہے کہ بزرگوں کا کہنا ہے کہ پہلے تولو پھر بولو۔

کارپوریٹ

# وقار ملک نے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ کرلیا



وقار اے ملک، چیف ایگزیکٹو آفیسر، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور سابقہ چیئرمین پاکستان پی ٹی اے لمیٹڈ نے آئی سی آئی پاکستان سے 27 دسمبر 2012 کو ریٹائر ہونے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ وقار ملک نے آئی سی آئی پاکستان میں 27 سال سے زیادہ عرصے تک آئی سی آئی گروپ میں نمایاں عہدوں پر خدمات انجام دیں ہیں۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور اس کے ذیلی ادارے آئی سی آئی پاور جن کے بورڈ سے بھی علیحدگی کا فیصلہ کیا ہے۔

اس بات کا اعلان آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ کے ایک اعلامیے میں کیا گیا ہے۔

چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے بتایا ہے کہ وقار ملک 2002 میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں شامل ہوئے اور 2005 میں چیف ایگزیکٹو آفیسر بنے۔ وقار ملک ایک مثالی اور قائدانہ صلاحیتوں کے مالک شخص ہیں جنہوں نے آئی سی آئی پاکستان کے کارپوریٹ کلچر کو منفرد انداز سے پروان چڑھایا اور گزشتہ سات سالوں میں انتہائی مشکل حالات میں کمپنی کی ترقی اور کامیابی میں مثالی کردار ادا کیا جو نہ صرف کمپنی کے کارکنان بلکہ شیئر ہولڈرز کے لیے بھی باعثِ اطمینان ہے۔

چیئرمین نے آئی سی آئی پاکستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے کمپنی کی ترقی اور اس کے پائیدار مستقبل کے لیے وقار ملک کی انتھک محنت اور کوششوں کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے پیچھے ایک شاندار ماضی چھوڑ کر جا رہے ہیں اور ہم سب ان کے لیے نیک تمنائیں رکھتے ہیں۔

# کام کرنے کے لیے بہترین کمپنی ایوارڈ 2012




آپ تمام لوگوں کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے گزشتہ دنوں کام کرنے کے لیے بہترین کمپنی ایوارڈ کے مقابلے میں سن 2012 کا رنرز اپ ایوارڈ حاصل کیا ہے۔ یہ ایوارڈ انگیج کنسلٹنگ نے پاکستان کی بہت ساری کمپنیوں کے اسٹاف سے ایک سروے کے نتیجے میں دیا ہے۔ اس سروے کے مطابق ہماری کمپنی کام کرنے کے لیے بہترین کمپنی کے لحاظ سے تیسرے نمبر پر آئی ہے جہاں کام کرنے والے افراد کا کمپنی کے ساتھ لگاؤ 84 فیصد ہے۔

اس سروے نے ہم کو اپنی جیسی کمپنیوں میں ایک ممتاز مقام دیا ہے جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ ہمارے ایمپلائیز کمپنی سے کیا توقعات رکھتے ہیں اور کمپنی ان کی توقعات کو کتنا پورا کرتی ہے۔

یہ سروے ہمیں اس بات کا بھی احساس دلاتا ہے کہ ہم اپنی پوری طاقت اور کوششیں اس کمپنی کو اچھے سے اچھا بنانے میں آئندہ بھی صرف کرتے رہیں گے۔ کیونکہ معمولی سے معمولی کوشش بھی بڑا بنیادی فرق لاتی ہے۔

ہم سب کو اس ایوارڈ کے حصول پر فخر ہے اور ہم کو آئندہ اس سے بڑھ کر کام کرنا ہے۔

کیمیکلز

# پکنک

ہمارے کیمیکلز پلانٹ کے تمام اسٹاف نے فیصلہ کیا کہ 9 ستمبر کو پکنک پر چلا جائے۔ چنانچہ کراچی کے قریب واقع سن وے لگون واٹر پارک کا انتخاب طے پایا کہ وہاں پکنک منائی جائے۔

تمام لوگ مقررہ وقت پر جمع ہوگئے اور گاڑیاں اپنی منزل کی جانب رواں ہوگئیں۔ راستے میں رک کر ناشتہ کرنے کا پروگرام تھا جو کہ بہت دلچسپ رہا، دوست ایک دوسرے کے ساتھ ہنسی مذاق کرتے رہے اور پراٹھا، انڈے اور چھولوں کے ذائقے سے لطف اندوز ہوتے رہے۔

تقریباً 10:30 بجے سن وے لگون واٹر پارک پر قافلہ پہنچا۔ موسم بیحد خوشگوار تھا۔ ہلکے ہلکے بادل چھائے ہوئے تھے۔ تمام لوگ فوراً ہی پانی میں کود گئے، کچھ لوگ اونچی اونچی سلائیڈوں پر چڑھ گئے اور وہاں سے پانی میں اترنے لگے۔

دوپہر کا کھانا بہت لذیذ تھا جس کے بعد کرکٹ کا میچ رکھا گیا تھا اور پھر شام کی چائے کے بعد واپس کراچی کی جانب روانگی تھی۔

تمام ساتھیوں کے لیے یہ ایک یادگار دن تھا جس میں ہر کسی نے اپنی پسند کے مطابق دن گزارا۔ اس قسم کی تقریبات نہ صرف اسٹاف کو ایک دوسرے کے قریب لانے کا باعث بنتی ہیں بلکہ ایک دوسرے کو سمجھنے کا بھی موقع دیتی ہیں اور ساتھ ساتھ انتظامیہ اور ورکرز کے تعلّقات میں بھی بہتری لاتی ہیں۔



















# محمد معروف۔ 25 سالہ خدمات کا اعتراف

محمد معروف کیمیکلز پلانٹ پر بہت سینئر آپریٹر ہیں جو کہ اپنے کام نہایت ذمہ داری سے انجام دیتے ہیں اور اس کی وجہ سے اپنی ایک مخصوص شناخت رکھتے ہیں۔

معروف نے اپنی ملازمت کا آغاز 1982 میں بطور ہیلپر کیا اور 1988 میں انہیں پہلے پروسیس آپریٹر اور اس کے بعد سینئر پروسیس آپریٹر کے عہدے پر ترقی ملی۔ ان کی مسلسل بہترین کارکردگی کی وجہ سے 2005 میں انہیں ٹیم لیڈر بنا دیا گیا۔

2010 معروف کے لیے اس طرح یادگار بنا کہ ان کی انتھک محنت اور اپنے کام سے لگن کو دیکھتے ہوئے معروف کو مینجمنٹ کیڈر میں ترقی ملی اور اس طرح انہیں جونیئر مینوفیکچرنگ آفیسر بنا دیا گیا۔

محمد معروف کی خدمات کو سراہتے اور بزنس کی کامیابی میں ان کی شراکت کے اعتراف کے طور پر اکتوبر 2012 میں جنرل منیجر کیمیکلز بزنس فیصل اختر نے انہیں 25 سالہ طویل المدتی اور اعتراف کارکردگی ایوارڈ دیا۔

ہم محمد معروف کو اس ایوارڈ کے حصول پر مبارک دیتے ہیں اور ہماری دعا ہے کہ وہ آئندہ بھی اسی لگن کے ساتھ کام کرتے رہیں۔

سوڈا ایش

# اسٹاف کی ٹریننگ



کسی بھی صنعت کا سرمایہ اس کے ماہر کارکن ہوتے ہیں، جدید ٹیکنالوجی کے اس دور میں ہر کارکن کا اپنے متعلقہ کام سے روشناس ہونا بہت ضروری ہے۔ آئی سی آئی سوڈا ایش کی انتظامیہ ایک منصوبہ بندی کے تحت ہمیشہ اپنے اسٹاف کی تربیت میں مصروف رہتی ہے اور نئی ٹیکنالوجی سے متعارف کراتی رہتی ہے۔ علاوہ ازیں مستقل وکنٹریکٹر اسٹاف کے تحفظ کے لیے سیفٹی کے کورسز کا اہتمام بھی کرتی ہے۔ پچھلے سالوں کی نسبت اس سال اسٹاف کے لیے 50 فیصد زیادہ کورسز ہوئے۔ سکلز کورسز کے علاوہ سیفٹی کے کورسز میں مثبت رویوں (BBS) ، سیفٹی پالیسیوں ، وسائل کے تحفظ ، ہاؤس کیپنگ، اونچائی پر کام، محفوظ سکیفولڈنگ اور بنیادی آگ بجھانے کے طریقہ کار جیسے موضوعات شامل رہے۔

کول فائرڈ بوائلر پراجیکٹ کے تقریباً ایک ہزار کارکن ان ٹریننگز سے مستفید ہو چکے ہیں۔ ٹریننگ ٹیم اور خصوصی طور پر صفدر کامران ٹریننگ آفیسر بڑی دلچسپی ، توجہ اور ماہرانہ انداز سے تربیت کا یہ سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

# حج بیت اللہ کی قرعہ اندازی میں جیتنے والے رفقائے کار کی الوداعی تقریب

آئی سی آئی پاکستان نے اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اس سال بھی آٹھ دوستوں کو کمپنی کی طرف سے حج کی سعادت حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا۔

انجینئرنگ اسٹورز میں دور رفقائے کار عمران بشیر اور امام دین کو یہ سعادت حاصل ہوئی۔ اس سے قبل 1997 میں انجینئرنگ اسٹور میں محمد جمیل یہ سعادت حاصل کر چکے ہیں۔ فنانس منیجر حارث محمود اور اسٹور آفیسر خالد محمود قریشی نے اپنی ٹیم کو 16 سال بعد حاصل ہونے والی اس خوشی کو دوبالا کرتے ہوئے دوستوں کی حج الوداعی تقریب میں خصوصی ظہرانے کا اہتمام کیا۔ اس تقریب میں آئی آر منیجر سلیم احمد صدیقی، آئی ٹی منیجر راجہ طارق اشرف ، پرچیز منیجر ہارون احمد ملک ، اسسٹنٹ فنانس منیجر محمد عامر جمیل اور محمد وقار خواجہ نے بمعہ اپنی ٹیم شرکت کی اور اس تقریب کو رونق بخشی۔ اس موقع پر امت مسلمہ، پاکستان اور ادارے کی ترقی وخوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھیوں کا حج قبول فرمائے۔

آمین




# پکنک ٹور۔ مری

آئی سی آئی سوڈا ایش کھیوڑہ اپنے ایمپلائز کو ہمیشہ صحت مندانہ ماحول میں کام کرنے کے مواقع فراہم کرتا رہا ہے۔ اسی سلسلے میں تمام ایمپلائز اور اپرنٹسیز نے ماہِ ستمبر میں مری کے پہاڑی علاقے کی سیر کی۔ ایمپلائز مختلف گروپس کی شکل میں الگ الگ دن کھیوڑہ سے روانہ ہوئے۔ مقررہ تاریخ کے مطابق پہلے سے طے شدہ مقام پر ایمپلائز اکٹھے ہوئے ناشتہ کیا اور بذریعہ موٹروے پہلے راولپنڈی اور پھر مری کے خوشگوار اور ٹھنڈے علاقے کا سفر کیا دوران سفر ایمپلائز نے مقدس مقام گولڑہ شریف/ امام بری کی زیارت بھی کی۔

مری میں قیام کے دوران ایمپلائز نے مال روڈ کی سیر کی اور پنڈی پوائنٹ پر موجود لفٹ چیئر کے ذریعے بھرپور لطف اندوز ہوئے۔ اس سیر کے دوران ایمپلائز کو دوپہر اور رات کا کھانا بھی دیا گیا۔ اس سارے پروگرام کو کامیاب بنانے میں یونین کے تمام عہدے داروں نے اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔ پکنک کے اس پروگرام کا آغاز مورخہ 10 ستمبر 2012 سے ہوا اور تمام ایمپلائز نے 28 ستمبر 2012 تک مختلف تاریخوں میں اپنے اپنے شفٹ گروپ کے ساتھ سیر کا یہ عمل مکمل کیا۔

تمام ایمپلائز آئی سی آئی سوڈا ایش انتظامیہ کی اس کاوش کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ ہمارا یہ ادارہ دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کرے۔

آمین

پولی ایسٹر

# محفوظ ڈرائیونگ کی تربیت



پولیسٹر بزنس کے HSE اینڈ ٹریننگ ڈپارٹمنٹ نے ایڈمنسٹریشن کے ساتھ مل کر ڈرائیورز کے لیے محفوظ ڈرائیونگ کی تربیت کا پروگرام بنایا۔ جس میں اسٹاف کی ٹرانسپورٹ کے تمام ڈرائیورز کی شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے ٹریننگ سیشنز کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا۔ اس ٹریننگ کا مقصد محفوظ ڈرائیونگ کو یقینی بنانے کے لیے بہتر طریقے وضع کرنا اور ڈرائیورز کے لیے Learning کے مواقع پیدا کرنا تھا۔

افتتاحی سیشن میں جناب خرم شہزاد صاحب HSE اینڈ ٹریننگ منیجر نے تمام ڈرائیورز کو ٹریفک قوانین کی پابندی کرنے کی تلقین کی اور محفوظ ڈرائیونگ کی پریکٹس کو اپنانے کے لیے کہا۔ انہوں نے محفوظ ڈرائیونگ کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے سڑک پر ڈرائیورز کے رویوں پر بھی بات کی۔

محمد اقبال سلطان (کورس ٹریز) نے محفوظ ڈرائیونگ پر Awareness سیشن کیا اور روڈ سیفٹی کی بہت سی ویڈیوز بھی دکھائیں اور بتایا کہ کس طرح معمولی سی لاپرواہی سے کتنا بڑا حادثہ ہوسکتا ہے۔ ڈرائیورز میں محفوظ ڈرائیونگ والی Caps تقسیم کیں۔ انہوں نے ڈرائیورز کو ڈرائیونگ کے دوران تحمل مزاجی، بردباری اور وسعت حوصلہ سے کام لینے کی نصیحت کی۔ انہوں نے محفوظ ڈرائیونگ پر Quiz کا اہتمام بھی کیا۔ تمام شرکاء نے اس میں بھرپور حصہ لیا اور صحیح جوابات دینے والوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ ٹریننگ سیشن کے اختتام پر ٹریننگ کے شرکاء میں جناب عامر اسلام ایچ آر منیجر پولیسٹر بزنس نے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔

# حجاجِ کرام میں احرام کی تقسیم















پولیسٹر بزنس میں سال 2012 کی حج قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے خوش نصیب حجاج کرام میں احرام تقسیم کرنے کے لیے مورخہ 4 ستمبر 2012 بروز منگل ورکس کینٹین ہال میں ایک پُر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی جناب راشد کمال ورکس منیجر پولیسٹر بزنس تھے۔

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ تلاوت کے بعد نعتِ رسول مقبول نہایت خوش الحانی کے ساتھ پڑھی گئی۔ اس کے بعد حجاج کرام میں احرام تقسیم کیے گئے۔ اس تقریب میں پولیسٹر بزنس کے یونین عہدیداروں اور ورکرز نے بھرپور شرکت کی۔ آخر پر تمام ورکرز کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔




آپ کے رسالے ہمقدم کے لیے سوڈا ایش پولی ایسٹر، کیمیکلز، لائف سائنسز اور ہیڈ آفس میں رپورٹرز کی ضرورت ہے۔

**اہلیت اور معیار:**

آپ کو اردو لکھنی آتی ہو۔ خبر یا مضمون کیسا بھی ہو آپ صرف اس کو لکھ دیں۔ ہم اس کو صحیح کر لیں گے۔ اپنا نام اور اپنی تصویر خبر کے ساتھ ضرور بھیجیں۔ وہ خبر آپ کے نام اور تصویر کے ساتھ چھاپی جائیں گی۔

سال بھر کے دوران سب سے زیادہ خبریں اور مضامین بھیجنے والے رپورٹر کو ہمقدم ایوارڈ دیا جائیں گا۔

خواہشمند امیدوار اپنا اظہار دلچسپی اپنا نام اور ہمقدم رپورٹر لکھ کر 0300-8238751 پر ایس ایم ایس۔ ایڈیٹر ہمقدم خود آپ سے رابطہ کر کے آپ کا انٹرویو اور رہنمائی کریں گے۔

ایڈیٹر
ہمقدم

0300-8238751
021-3231 8148


ہمقدم

Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics / Printed by